# دیکھ بھال اور موقع فراہم کرنے کا منصوبہ




## ترقی پذیر اونٹیریو میں تقابلی اور اچھی ملازمتیں پیدا کرنا

اونٹیریو کی معیشت تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے۔ ان تبدیلیوں کی وجہ سے ہمارے معاشرے میں خلا بڑھ رہا ہے، حکومت کے پاس ایک منصفانہ، بہتر اونٹیریو بنانے کا منصوبہ ہے، جو صوبے بھر میں ہر فرد کی مدد کرکے اس کو آگے بڑھنےکا موقع مہیا کرے۔



### شمالی کاروباروں کی مدد کرنا

شمالی علاقے میں اگلے تین سالوں میں۸۵ ملین ڈالر مزید مہیا کرکے ملازمتیں اور نیا پن پیدا کرنا



### مفت فیس

۲۲۵،۰۰۰ سے زیادہ طلبہ کے لیے کالج اور یونیورسٹی کی تعلیم مفت کرنا۔ کم اور درمیانی آمدنی والے خاندانوں سے طلبا کیلئے مفت یا کم فیس دستیاب ہے۔



### اچھی ملاشمتیں اور ترقیاتی منصوبہ

گلے تین سالوں میں ۹۳۵ ملین کی نیئ سرمایہ کاریوں سے کاروباروں کی مدد کرنا، طلبا اور فارغ التحصیل طلاب میں سرمایہ کاری کرنا، اور اچھے ،اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کو لبھانا

## ہم لوگوں کے لئے مزید مواقع کیسے پیدا کر رہے ہی

انٹاریو ہے:

- ۲۲۵،۰۰۰ سے زیادہ تمام عمر کے طلبہ کے لیے کالج اور یونیورسٹی کی فیس کو مفت قرار دینا

کم اور درمیانی آمدنی والے خاندانوں کے طلبہ کے لیےمفت یا کم فیس دستیاب ہے، انکے لئے جوخاندان ۹۰،۰۰۰ ڈالر تک کماتے ہوں، فیس مفت ہے، اورایسے خاندانوں کے طلبا جو ۱۷۵،۰۰۰ تک کماتے ہوں وہ بھی اس مخیرانہ مالی مدد کے اہل ہیں۔

- طلبہ اور آجروں کی بدلتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر تین سال کے عرصے میں پوسٹ سیکنڈری سکول پروگراموں کےلیے ۱۶۴ ملین ڈالر مہیا کرکے طلبہ اور آجروں کو اچھی ملازمتوں کے لیے تیار کرنا
- پیشہ ورانہ تعلیم سے منسلک طلبہ کے لیےاونٹیریو اپرنٹسشپ پروگرام کو جدید بنانے کے لیے تین سال کے عرصے میں ۱۷۰ ملین ڈالر کی سرمایہ کاری سے پیشہ ورانہ تعلیم کے مواقع مہیا کرنا
- کیریر ریڈی فنڈ میں مزید ۱۲ ملین ڈالر کی مزید سرمایہ کاری کے ذریعے نئے اور فارغ التحصیل طلبہ کو مزید تعلیم کے مواقع فراہم کرنا

- کم ازکم اجرت کو جنوری ۱، ۲۰۱۸ سے ۱۴ ڈالر، اور جنوری ۱، ۲۰۱۹ سے ۱۵ ڈالر کرنا، اونٹیریو بھر کے۱.۲ ملین لوگوں کو کافی لمبے انتظار کے بعد اجرت میں اضافہ مہیا کرنا۔
- اونٹیریو برج ٹریننگ پروگرام کے لیے تین سال کے عرصے میں مزید ۴۵.۶ملین ڈالر کی مزید سرمایہ کاری کے ذریعے نئے آنے والے ماہرین کو ملازمتیں ڈھونڈنے میں مدد کرنا

## ہم اپنی کاروباریمسابقت کو کیسے بہتر بنارہے ہیں

اونٹیریو ہے:

- چھوٹے کاروبارکے کورپوریٹ انکم ٹیکس کی شرح کو ۲۲ فیصد گھٹا کر کمپنیوں کو مقابلے میں رہنے میں مدد کرنا
- ونٹیریو کی معیشت میں جدت کو مہمیز کرنےکے لیے تحقیقی اور ترقیاتی ٹیکس میں چھوٹیں دے کر کاروبار میں سرمایہ کاری میں حوصلہ بڑھانے کی تجویز دینا۔
- کام کرنے کی جگہوں پر بذریعہ اجرت جنسی خلا سے نپٹنا، ہر ایک کیلئے منصفانہ بنانا، اور ملازمت دینےمیں شفافیت کے عمل کو بڑھانا ، قانونی طریقہ کار سے تمام عام ملازمتوں کے شائع کرنے میں اجرت کا نرخ اور تنخواہ کی درجہ بندی کا شامل کرنا،
- اگلے دس سالوں میں صوبے کی نیو اکانومی فنڈ کے ذریعے ۵۰۰ ملین ڈالرز کی مزید سرمایہ کاری کے ذریعےتمام علاقوں کو موقع فراہم کرکے مقامی کمپنیوں کو تقا بلی طور پر برقرار رکھنے میں مدد کرنا اور تمام علاقوں کومضبوط معاشی ترقی کے فوائد کے مواقع مہیا کرنا۔
- پوری دنیا میں الاقوامی تجارت، برآمدی مارکیٹوں میں اضافہ کرنا اور نئی معاشی اور کاروباری شراکتوں کو بڑھا کر اونٹیریو میں کام کرنے والوں اور کاروباروں کیلئے کھڑا ہونا
- علاقائی معاشی ترقی کی مدد کے ذریعے آینده دس سال کے عرصے میں۲۰۰ ملین ڈالرز مالیت کی مزید سرمایہ کاری

  کے ذریعے اندازا" 38,000 ملازمتیں پیدا کرنا اور انھیں برقرار رکھنا اور 1.6 بلین ڈالرزسے زیادہ کی مقامی سرمایہ کاری کو جاذب بنانا

- ۱۲۰ ملین ڈالر کی سرمایہ کاری جاری رکھتے ہوئے شمال کے بڑے صنعتی اداروں کو بجلی کے اخراجات میں کمی دلانا
- اگلے تین سالوں میں ۸۵ ملین کی سرمایہ کاری سے معقولیت، مواقع اور ترقی سمیت، کا بڑھاتے ہوئے جاری رکھنا، ناردرن انٹاریو ہیریٹیج فنڈ کارپوریشن ۲۰۲۱ میں ۱۵۰ ملین ڈالر کی فنڈنگ کرنا اور نئے پروگرام متعارف کروانا۔

## ہم کیسے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں

اونٹیریو ہے:

- انتہائی اہم منصوبوں، جیسا کہ اسپتالوں، سکولوں، ذرائع آمد و رفت، پلوں، اور سڑکوں کے لیے ۲۰۱۴ اور ۲۰۱۵ کے آغاز سے ۱۴ سالوں میں تقریبا" ۲۳۰ بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری کے ذریعے جدید اور کارآمد ضروری بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرنا۔
- گو ریجنل ایکس پریس ریل کی تکمیل کرکے گریٹر ٹورونٹو اور ہیملٹن ایریا ( جی ٹی ایچ اے) کے گرد ٹرانزٹ کو بہتر بنانا جاری رکھنا -- ایک ۲۱.۳ڈالر کی سرمایہ کاری جو سسٹم کو ایک ریجنل ریپڈ ٹرانسٹ سسٹم میں تبدیل کر رہا ہے۔ تمام علاقے کے گرد مسافروں اور خاندانوں کیلئے، تمام گو ریل نیٹورک کے گرد ہفتہ وار ٹرپ ۲۰۲۵ میں تقریبا ۱۵۰۰ سے بڑھ کر قریبا ۶۰۰۰ تک ہو جائیں گے، بمع دوطرفہ، تمام دن، ۱۵ منٹ کی سروس۔
- گو ٹرانزٹ سروس کو ۷۰ فی صد سے زیادہ بڑھانا۲۰۱۳ سے لی کر گو نیٹ ورک میں ہر ہفتہ تقریبا ۸۰۰ ٹرین ٹرپس کا اضافہ کرنا۔

- جی ٹی ایچ اے کے گرد بڑے ریپڈ ٹرانزٹ پروجیکٹس میں سرمایہ کاری، تیز، اچھی کارگزاری اور قابل اعتماد ٹرانزٹ ، بشمول ایگلنٹن کروس ٹاون ایل آر ٹی پراجیکٹ بمع ۲۵ سٹیشنز، ۵۴ بس روٹس کو ملاتے ہوئے، تین سب وے سٹیشنز، تین گو ٹرانزٹ لائینیں اور دی یو پی ایکسپریس؛ دی فنچ ویسٹ ایل آر ٹی ہمبر کالج کو نئی فنچ ویسٹ ٹی ٹی سی سب وے ستیشن سے ملانے کیلئے، اور دی ہیورون ایل آر ٹی کو گو ترانزٹ اور دی میسس ساگا اور بریمپٹن ٹرانزٹ سسٹم سے ملانے کیلئے، سروس کے ساتھ جس کا آغاز ۲۰۲۲ میں متوقع ہے۔
- اگلے دس سالوں میں عوامی آمدورفت کےلیے ۷۹ بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کے ذریعے بھیڑ میں کمی اور مسافروں اور خاندانوں کو سفری اختیارات پیش کرنا۔۔۔ بشمول اوٹوا لائٹ ٹرانزٹ، واٹرلو آئی او این ریپڈ ٹرانزٹ پراجیکٹ اور لنڈن بس ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم کی مدد
- ایسے اقدامات اٹھاناجن سے جی ٹی ایچ اے میں تبیلی لانے والے کرائے کے علاقائی یکجہتی کی حکمت عملی کو مدد مل سکے جس میں پریسٹو کارڈ استعمال کرنے والے صارفین کو گو ٹرانزٹ اور یو پی ایکسپریس اور ٹی ٹی سی کے باہمی مبادلے میں رعایت کا آغاز کرنا شامل ہے
- تین سالوں کے دوران ۵۰۰ ملین ڈالر سے زیادہ کی مزید سرمایہ کاری کے ذریعے دیہاتی اور شمالی کمیونیٹیوں میں براڈ بینڈ انٹرنیٹ وسیع کرنا۔